1989ء سے مسلسل اشاعت | 30 اکتوبر تا 5 نومبر 2020 | شمارہ نمبر 46 | جلد نمبر 32

ہفت روزہ

# پیپر بزنس

کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز وایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

ANM TRADING CO
Importer : Paper & Paper Board
Deals in:
OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND
Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Orign)
COATED ART PAPER & ART CARD
1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 0321-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com

IBM™
ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012
111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین





BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کی کراچی ولاہور میں خدمت کے 12 سال
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM™
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 SGS
PEFC
China Environment Friendly Enterprise
ISO9001
ISO14001

## Coated Packaging Board

## ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

PAPER THAT WORKS EVERYDAY



ART PAPER
• 2/S COATED ART PAPER
• SINAR BRAND

EnOva SINAR



PHOTOCOPY PAPER
• PAPERLINE GOLD
• PAPERLINE
• EXCELPRO
• INTEGRITE
• AONE

GOLD
PAPERLINE
ExcelPro
a1ne



WOODFREE PAPER
• SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
• EXTRAPRINT PAPER PLUS
• WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eXp pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
eXp srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
• CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
• FOOPAK GRASEPROOF PAPER
• ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza
foopak
CONCORDE



QUALITY STATIONERY ITEMS
• SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS
MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



OTHER PRODUCTS
• OFFSET PRINTING PAPER
• SINAR BLUISH WHITE
• PAPER PLUS
• 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
• RECYCLED PAPER
• SINAR BLUISH WHITE
• WOODFREE PAPER

paperplus

FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique & best quality paper to build on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 20 رنگین اور 16 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سٹی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 0102560271401129060
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


قیمت: 70 روپے

# درآمدی کنسائمنٹس کی عارضی کلیئرنس کو تیز کرنے کے احکامات جاری

کراچی (بزنس ڈیسک) ماڈل کسٹمز کلکٹریٹ اپریزمنٹ اینڈ فیسی لیٹیشن ویسٹ نے درآمدی کنسائمنٹس کی عارضی کلیئرنس کو تیز کرنے کے لئے ہدایات جاری کردی ہیں۔ اس سلسلے میں کلکٹریٹ نے نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے۔ کلکٹریٹ کی جانب سے جاری کئے جانے والے نوٹیفیکیشن کے مطابق درآمدی کنسائمنٹس کی عارضی کلیئرنس پر کسٹمز حکام کی جانب سے تاخیر کی وجہ سے پورٹ پر درآمدی کنسائمنٹس کا رش بڑھ رہا ہے جبکہ درآمدکنندگان اس کے لئے عدالت سے رجوع کررہے ہیں۔ کلکٹریٹ کا کہنا ہے کہ درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں تاخیر کی وجہ سے کاروباری لاگت میں بھی اضافہ ہورہا ہے۔ ذرائع کے مطابق درآمدی کنسائمنٹس کی کلیئرنس کو تیز کرنے کے لئے تینوں کلکٹریٹس کو ہدایات جاری کی جارہی ہیں کہ جوبھی افسران عارضی کلیئرنس کے لئے تعینات ہیں وہ دستاویزات کی درست طریقے سے جانچ پڑتال کریں اور عدالت کے حکم کے مطابق کنسائمنٹس کی کلیئرنس کریں۔ ذرائع کے مطابق تمام کلکٹرز کو بھی ہدایات کی گئی ہیں کہ عارضی کلیئرنس کو تیز کرنے کے لئے اپنے ماتحت افسران کو ہدایات جاری کیں۔

## خامس سعید بٹ 22ویں مرتبہ لاہور چیمبر کی پیپر و پیپر بورڈ کمیٹی کے کنوئنیر نامزد

لاہور (نمائندہ خصوصی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں طارق مصباح نے لیڈر بزنس مین گروپ پیپر مارکیٹ لاہور خامس سعید بٹ کو پیپر اینڈ بورڈ اور اپیما افیئرز اسٹینڈنگ کمیٹی 2020-21 کا کنوئنیر نامزد کیا ہے۔ خامس سعید بٹ 22 مرتبہ اس کمیٹی کے کنوئنیر نامزد ہوئے ہیں۔ صدر نے امید ظاہر کی ہے کہ وہ تاجر برادری کی بہبود کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ صدر نے مزید کہا کہ اس سلسلے میں تیس دن کے اندر اندر کمیٹی کے دس اراکین نامزد کر کے کمیٹی کو فعال کرلیں۔ دریں اثنا خامس سعید بٹ کو لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ٹریفک پولیس لائژن کمیٹی کا بھی کنوئنیر نامزد کیا ہے۔ لاہور پیپر



مارکیٹ کے ممتاز پیپر مرچنٹس نے خامس سعید بٹ کو ان نامزدگیوں پر مبارکباد دی ہے۔



سابق وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن باؤ محمد بشیر کا ایک نجی تقریب میں صدر مملکت عارف علوی اور خاتون اول ثمینہ علوی کے ہمراہ لیا گیا فوٹو

## پاک چائنا آزاد تجارتی معاہدے سے متعلق آگہی و سیمینار

سیالکوٹ (نیوز ڈیسک) وزارت تجارت اور ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹڈاپ) کے تحت یہاں پاک چین آزاد تجارت کے معاہدے سے متعلق آگاہی و سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کے انعقاد کا مقصد پاکستان کی تاجر برادری کو پاک چین آزاد تجارت کے معاہدے کے دوسرے مرحلے سے متعلق آگہی اور معلومات فراہم کرنا ہے۔ تقریب میں سیالکوٹ چیمبر، اسپورٹس گڈز مینوفیکچررز، لیدر گارمنٹس مینوفیکچررز اور گلوز مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے اراکین اور دیگر تاجروں نے شرکت کی ۔وزارت تجارت کے جوائنٹ سیکریٹری نعمان اسلم نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ اس موقع پر وزارت تجارت کی جانب سے غلام قادر نے پاک چین آزاد تجارتی معاہدے کے دوسرے مرحلے سے متعلق ایک پریذنٹیشن بھی پیش کی، نیشنل ٹیرف کمیشن کی رکن انجم اسد امین نے اس معاہدے سے متعلق معلومات فراہم کیں۔ بعدازاں چینی سفارتخانہ کے سیکنڈ سیکریٹری زینگ نے سیمینار کے انعقاد کو سراہا اور دوسرے مرحلے سے متعلق آگہی فراہم کی۔

## ایف بی آر پالیسی بورڈ کو ٹیکس جمع کرنے، تجارت کے امور پر توجہ دینے کی ہدایت

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ایف بی آر پالیسی بورڈ کو ٹیکس جمع کرنے، تجارت کے امور پر توجہ دینے کی ہدایت کی گئی، ایف بی آر اور نادرا میں رابطوں کیلئے تجاویز مرتب کی گئیں، مشیر امور خزانہ حفیظ شیخ نے کہا ہے کہ ایف بی آر کی ضروریات کو پورا کیا جائے، ڈیٹا کے استعمال کو بروئے کار لاتے ہوئے موجودہ ٹیکس گزاروں پر بوجھ میں اضافہ کئے بغیر ٹیکس نیٹ میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے، انہوں نے وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے ریونیو ڈاکٹر وقار مسعود کو ہدایت کی کہ ڈیٹا کے تجزیئے کیلئے ایف بی آر اور نادرا کے مابین رابطوں کیلئے تجاویز مرتب کی جائیں۔


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# عمرہ زائرین کو تین دن تک آئسولیشن میں رکھا جائے گا اس کے بعد عمرہ کریں گے: نائب وزیر حج

کراچی (خصوصی رپورٹ) سعودی نائب وزیر حج وعمرہ ڈاکٹر عبدالفتاح مشاط نے بتایا ہے کہ ہوائی اڈوں، بندرگاہوں اور بری سرحدی چوکیوں سے سعودی عرب پہنچنے والے عمرہ زائرین کورونا وائرس سے بچاؤ پروگرام کے تحت چار مرحلوں سے گزریں گے- مملکت پہنچنے پر انہیں تین دن تک میڈیکل آئسولیشن میں رکھا جائے گا- اس کے بعد ہی وہ عمرہ کرسکیں گے- انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں عمرہ زائرین کی رہائش کے لیے ہوٹل مختص کردیے گئے ہیں- ان ہوٹلوں کے دس فیصد کمرے ایسے عمرہ زائرین کے لیے خاص ہوں گے جن پر کورونا وائرس میں مبتلا ہونے کا شبہ ہوگا- سعودی عرب تمام زائرین کو مکمل انشورنس سروس کے تحت علاج کی سہولت پیش کرے گی- نائب وزیر حج وعمرہ نے زائرین کی گروپ بندی سے متعلق سوال کے جواب میں بتایا کہ ہر گروپ میں 3300 تک عمرہ زائرین ہوں گے- ہر گروپ کو حرم شریف میں تین گھنٹے تک عمرہ کا موقع دیا جائے گا- عمرہ زائرین کا ہر گروپ مقررہ پوائنٹ سے حرم شریف میں داخل ہوگا- وزارت حج وعمرہ نے اس کا اہتمام کیا ہے- اس سلسلے میں اس نے مقدس مساجد کی انتظامیہ، وزارت داخلہ اور وزارت صحت کے ساتھ یکجہتی پیدا کرلی ہے- سعودی عرب دنیا کے ہر ملک سے آنے والے زائرین ومعتمرین کو خوش آمدید کہتا ہے لیکن کورونا وائرس کی وجہ سے ہنگامی صورتحال پیدا ہوگئی ہے- لہذا صرف ایسے ملکوں سے ہی عمرہ زائرین کو آنے کی اجازت ہوگی جہاں وائرس کے خطرات کا تناسب کم ہوگا اور اس سلسلے میں متعلقہ اداروں کی رپورٹوں پر انحصار کیا جائے گا- وزارت حج وعمرہ نے متعلقہ اداروں کے ساتھ یکجہتی پیدا کرکے طے کیا ہے کہ عمرے کی اجازت 18 برس سے 50 برس تک کی عمر والے افراد کو ہوگی- یہ بھی شرط ہے کہ عمرہ یا زیارت پر آنے والا لا علاج امراض سے پاک ہو- پی سی آر سرٹیفکیٹ بھی طلب کیا جائے گا- اس کے بغیر ویزہ نہیں دیا جائے گا- مشاط نے کہا کہ عمرہ کے تیسرے مرحلے میں ہر روز زیادہ سے زیادہ بیس ہزار افراد کو عمرے کی اجازت ہوگی- ان میں مقامی اور باہر سے آنے والے دونوں شامل ہوں گے- وائرس کے گھٹنے بڑھنے کے حوالے سے مسلسل معائنہ جات ہوتے رہیں گے- انہوں نے بتایا کہ عمرہ اجازت نامے کے دو طریقے مقرر کیے گئے ہیں ایک طریقہ تو یہ ہے کہ عمرہ زائر خارجی ایجنٹ یا سعودی عرب کی طرف سے رجسٹرڈ سیاحتی ایجنسی سے رجوع کرے جو اسے مختلف عمرہ پیکیج پیش کرے گی- مکمل انشورنس پیکیج بھی ہوگا- مملکت آمد کا مناسب وقت بھی متعین ہوگا- یہاں ٹرانسپورٹ اور رہائش کا انتظام بھی کیا جائے گا جبکہ عمرہ شروع کرنے سے قبل تین روز تک میڈیکل آئسولیشن دورانیے کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا- دوسرا طریقہ یہ ہے کہ عمرہ زائر اپنے طور پر عمرہ پیکیج کا انتخاب کرے- اسے جس طرح کی اور جتنی سہولتیں مملکت میں درکار ہوں گی اس کے حساب سے مختلف پیکیج ہوں گے-

# ڈالر کے مقابلے میں روپیہ 5 ماہ کی بلند ترین سطح پر ہے، ملک بوستان

کراچی (نیوز ڈیسک) ملک بوستان نے پیش گوئی کی ہے کہ آئندہ چند روز میں روپے کے مقابلہ میں ڈالر کے مقابلے میں 160 ہوجائیں گا لیکن انہوں نے حکومت اور اپوزیشن کے مابین تصادم کی طرف روپیہ کی بحالی کے ممکنہ خطرہ کی طرف اشارہ کیا۔ مزید یہ کہ حالیہ واقعات کے پیش نظر، سیکیورٹی کی صورتحال میں کسی بھی طرح کی بگاڑ روپے کو مضبوط کرنے سے روک سکتی ہے۔ بینک مارکیٹ میں روپیہ امریکی ڈالر کے مقابلے میں 0.45 پیسے کی بحالی اور پانچ ماہ کی بلند ترین سطح پر 161.37 روپے پر بند ہوا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر ملک بوستان نے گذشتہ چند ہفتوں کے دوران روپے کی مزید استحکام کی توثیق کی، اور اس بات کی نشاندہی کی کہ اس استحکام کی بنیادی وجہ جی 20 ممالک کی جانب سے پاکستان کو دیئے گئے قرضوں کی ادائیگی میں توسیع تھی۔ انہوں نے کہا، اس سے قبل، دسمبر 2020 میں پاکستان قرضہ ادا کرنے والا تھا لیکن جی 20 نے اسے جون 2021 تک موخر کردیا، جس نے ملک کو سانس لینے کے لئے انتہائی ضروری جگہ مہیا کی اور روپے کو مضبوط بنانے میں مدد ملی۔ انہوں نے روشنی ڈالی کہ حکومت کی جانب سے شروع کی جانے والی روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ اسکیم کا ثمر آرہا ہے کیونکہ ان اکاؤنٹس میں ملک کو $ 300 ملین کی سرمایہ کاری موصول ہوئی ہے، جو روپے کے اضافے کی حمایت کررہی ہے۔ تاہم، اکاؤنٹ کھولنے کے طریقہ کار کے بارے میں تارکین وطن پاکستانیوں کے پاس ابھی تک آگاہی کا فقدان ہے، لہذا، یہ سرمایہ کاری بالکل کم تر ہے۔ چونکہ حکومت اس منصوبے کے بارے میں شعور بیدار کرے گی، ملک $ 4-3 بلین ڈالر کی ٹارگٹڈ سرمایہ کاری کو راغب کر سکے گا اور روپے کی تیزی سے بازیافت ہوگی۔ بوستان کے مطابق، پچھلے تین ماہ (جولائی تا ستمبر) میں جاری کرنٹ اکاؤنٹ سے زائد روپے کی قیمت میں اضافے نے نئی رفتار حاصل کی۔ انہوں نے کہا، جب موجودہ کھاتہ زیادہ ہوتا ہے تو، روپیہ بہتر ہوجاتا ہے۔ بوستان نے پیش گوئی کی ہے کہ آئندہ چند روز میں روپے کے مقابلہ میں ڈالر کے مقابلے میں 160 ہوجائے گا، لیکن انہوں نے حکومت اور اپوزیشن کے مابین تصادم کی طرف روپیہ کی بحالی کے ممکنہ خطرہ کی طرف اشارہ کیا۔ حالیہ واقعات کے پیش نظر، سیکیورٹی کی صورتحال میں کسی بھی طرح کی بگاڑ روپے کو مضبوط کرنے سے روک سکتی ہے۔

# 117 سفارشات پر پاک افغان معاہدہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان اور افغانستان نے تجارت وسرمایہ کاری کے فروغ کے لیے 117 سفارشات پر معاہدہ کرلیا ہے، ٹرانزٹ ٹریڈ کے کنٹینرز کی کلیئرنس 3 دن میں ہوگی، سرحدی چیک پوسٹ پر 100 کے بجائے 15 فیصد سامان کی اسکینگ ہوگی، بزنس مینوں کیلئے ون ونڈو آپریشن شروع کرنے کی تجویز، سیاست کو تجارت پر اثر انداز نہیں ہونے دیا جائے گا، پاکستان اور افغانستان کے مابین تجارت وسرمایہ کاری میں اضافے کے لیے منعقدہ دوروزہ کانفرنس کی اختتامی تقریب سے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی، اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر، مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے دوطرفہ تجارت کو بڑھانے پر زور دیا اور کہا کہ ان کا ہدف ہے کہ دوطرفہ تجارت کا حجم 5 ارب ڈالر تک لے جایا جائے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور افغانستان کے مابین تجارت وسرمایہ کاری میں اضافے کے لیے منعقدہ دوروزہ کانفرنس کے اختتام پر چار مشترکہ گروپوں کی باہمی متفقہ سفارشات پیش کی گئیں، پاکستان افغانستان ٹرانزٹ ٹریڈ کی لاگت میں کمی، مینوفیکچرنگ کے شعبوں سمیت تجارت وسرمایہ کاری کے مواقع پر سفارشات کو حتمی شکل دی گئی جن اہم تجاویز پر اتفاق کیا گیا ان میں بارڈر پوسٹوں پر کارگو سامان کی کلیئرنس کے عمل تیز کیا جائے گا اور پاکستان کی بندرگاہوں پر افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کے کینٹینرز کی کلیئرنس 28 کے بجائے 3 دن میں ہوگی، سرحدی چیک پوسٹ پر 100 فیصد سکینگ کے بجائے 15 فیصد سامان کی اسکینگ ہوگی، پاکستان کے ٹرکوں کو افغانستان سے گزر کر تاجکستان کی سرحد تک رسائی حاصل ہوگی، دونوں ملکوں کے تجارتی تنازعات حل کرنے کا طریقہ کار وضع کرنے، افغان تاجروں کیلئے پاکستان آمد پر ویزے کی سہولت دینے پر بھی اتفاق ہوا، پاک افغان بزنس مینوں کیلئے ون ونڈو آپریشن شروع کرنے کی تجویز پر بھی اتفاق کیا گیا۔

## خواجہ محمد عباس کی والدہ انتقال کرگئیں

لاہور (پیپر بزنس نیوز) سابق چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور نیاز پیپر مارٹ کے خواجہ محمد عباس کی والدہ بدھ کی شام انتقال کرگئیں۔ خامس سعید بٹ، محمد سلیم بیکیا و دیگر عہدیداران اپیما نے خواجہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80 GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725







Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# اسلام آباد: وفاقانون کرایہ داری کا ترمیمی بل، ثالثی کونسل کی تشکیل

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر سردار یاسر الیاس خان نے کہا کہ قومی اسمبلی نے قانون کرایہ داری کا ترمیمی بل 2020 پاس کر کے وفاقی دارالحکومت کے تاجروں کا ایک بہت ہی دیرینہ مسئلہ حل کر دیا ہے جس کیلئے تاجر برادری ممبران قومی اسمبلی کی شکرگزار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت نے اس سنگین مسئلے پر توجہ دے کر اور اس کا ترمیمی بل قومی اسمبلی سے پاس کروا کر تاجروں کو بہت سی پریشانیوں سے بچا لیا ہے جس کیلئے تاجر براری موجودہ حکومت کا بھی شکریہ ادا کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان انجمنِ تاجران کے صدر اجمل بلوچ اور ٹریڈرز ایکشن کمیٹی کے سیکرٹری جنرل خالد چوہدری سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے چیمبر کا دورہ کیا اور قانون کرایہ داری کا ترمیمی بل قومی اسمبلی سے پاس ہونے پر ان کو مبارک باد پیش کی۔ چیمبر کے نائب صدر عبدالرحمٰن خان، سابق صدور محمد اعجاز عباسی اور یاسر داؤد سمیت اختر عباسی اور ذوالقرنین عباسی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ سردار یاسر الیاس خان نے وفاقی وزیر برائے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ اسد عمر، راجہ خرم شہزاد نواز ایم این اے، وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے سی ڈی اے امور علی نواز اعوان اور وزیر اعظم کے مشیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان کا بھی شکریہ ادا کیا کیونکہ قانون کرایہ داری کے ترمیمی بل کی تیاری اور اسمبلی میں پیشی میں انہوں نے بھی بہت اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس مثبت پیشرفت سے ظاہر ہوتا ہے کہ موجودہ حکومت بزنس کمیونٹی کے کلیدی مسائل کو حل کرنے اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے میں ان کو سہولت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ سردار یاسر الیاس خان نے کہا کہ قانون کرایہ داری کے پاس شدہ ترمیمی بل میں ایک ثالثی کونسل کی تشکیل بھی شامل ہے جس کا کنوینز اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری صدر یا ان کا نامزد کردہ عہدیدار ہوگا جبکہ کرایہ دار اور مالک کا بھی ایک ایک نمائندہ کونسل کا ممبر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ثالثی کونسل عدالت سے باہر کرایہ داری کے تنازعات کو حل کرنے کی کوشش کرے گے اور اس امید کا اظہار کیا کہ مذکورہ کونسل کرایہ داری کے تنازعات کو خوش اسلوبی سے حل کرنے میں کافی مددگار ثابت ہوگی۔ تاہم انہوں نے کہا کہ حکومت لیز معاہدوں کی رجسٹریشن کے لئے کرایے کی کل سالانہ رقم کا 5 فیصد بطور فیس وصول کر رہی ہے جس کی وجہ سے بہت سے کرایہ دار اور مالکان لیز معاہدوں کی رجسٹریشن کرانے سے کتراتے ہیں لہذا انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت لیز معاہدوں کی رجسٹریشن فیس کو کم کر کے 1 یا 2 فیصد تک لائے جس سے ان کی رجسٹریشن کی حوصلہ افزائی ہوگی اور ثالثی کونسل کو بھی تنازعات حل کرانے میں کافی سہولت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اس تاریخی قانون سازی سے تاجروں کے تحفظات دور ہوں گے اور وہ ذہنی سکون کے ساتھ تجارتی گرمیوں کو فروغ دے سکیں گے۔ آل پاکستان انجمنِ تاجراں کے صدر اجمل بلوچ اور ٹریڈرز ایکشن کمیشن کے سیکرٹری خالد چوہدری نے کہا کہ اسد عمر، علی نواز اعوان اور راجہ خرم شہزاد نواز نے ترمیمی بل تیار کرانے اور اس کو قومی اسمبلی سے پاس کرانے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے جو قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس قانون سازی میں پی ٹی آئی ٹریڈرز ونگ اسلام آباد کے کوآرڈینٹر چوہدری ندیم الدین نے بھی بہت مثبت کردار ادا کیا ہے جو قابل ستائش ہے۔ سابق صدر آئی سی سی آئی محمد اعجاز عباسی نے کہا کہ گذشتہ 40 سالوں سے وفاقی دارالحکومت کے تاجر اسلام آباد میں ایک متوازن قانون کرایہ داری کے نفاذ کا مطالبہ کرتے رہے ہیں اور موجودہ حکومت نے ان کا یہ مطالبہ پورا کر کے تاجروں کو ایک بڑا ریلیف فراہم کیا ہے اور ان کو بہت سی مشکلات سے بچا لیا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سینٹ آف پاکستان بھی جلد ہی اس بل کو پاس کر لے گا جس سے یہ ایک مکمل قانون بن جائے گا۔

## بڑھتی مہنگائی سے انڈسٹریز اور ٹریڈرز کو نقصان پہنچ رہا ہے، پیاف

لاہور (نیوز ڈیسک) چیئرمین پاکستان انڈسٹریل اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشنز فرنٹ (پیاف) میاں نعمان کبیر نے کہا کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی عوام کے ساتھ ساتھ ملکی معیشت کیلئے زہر قاتل ہے اس سلسلے میں وزیر اعظم عمران خان کا نوٹس لینا خوش آئند ہے۔ متعلقہ حکام اس پر ایکشن لیں تاکہ مہنگائی میں بتدریج کمی ہو سکے۔ ملک میں پیداواری لاگت بڑھنے کی وجہ سے انڈسٹریز اور ٹریڈرز کو بتدریج نقصان پہنچ رہا ہے۔ انڈسٹری کیلئے متوقع پیکیج میں صنعتوں کو بجلی و گیس کے ٹیرف پر ریلیف دیا جائے۔

## ٹیکس گذاروں کی تعداد بڑھانے کیلئے دستیاب ڈیٹا سے مدد لینے کی ہدایت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ نے ٹیکس وصولیوں اور ٹیکس گذاروں کی تعداد بڑھانے کے لیے دستیاب ڈیٹا سے مدد لینے کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ کی زیر صدارت ایف بی آر پالیسی بورڈ کا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں پالیسی بورڈ کے ٹرمز آف ریفرنس کے لیے قائم سب کمیٹی کی سفارشات پر غور کیا گیا۔ نادرا اور ایف بی آر کے درمیان ڈیٹا شیئرنگ کے بارے میں قائم سب کمیٹی کی سفارشات پر بھی بات چیت کی گئی۔ مشیر خزانہ کو طورخم بارڈر پر کنٹینرز کی کلیئرنس کے امور پر بریفنگ میں بتایا گیا کہ طورخم بارڈر پر تجارتی سرگرمیاں معمول کے مطابق چل رہیں۔ مشیر برائے ریونیو ڈاکٹر وقار مسعود کی نگرانی میں ٹی او آرز کو مزید بہتر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ مشیر خزانہ نے کہا کہ ٹیکس وصولیوں اور ٹیکس گذاروں کی تعداد بڑھانے کیلئے دستیاب ڈیٹا سے مدد لی جائے۔ ٹیکس وصولیوں اور تجارتی سرگرمیوں کی مینجمنٹ کے لیے ضروری اقدامات بھی کیے جائیں۔


FAIR TRADE (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bullehshah (Packages) | Bleached Board |
| Crown (Fazal Paper) | Duplex Board |

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# وزیراعظم "غیر ضروری" ودہولڈنگ ٹیکس ختم کرنے کے خواہاں

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) ذرائع کی رپورٹ کے مطابق وزیراعظم ہاؤس میں قومی رابطہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ، تعمیرات و ڈیولپمنٹ کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ صوبوں کو آن لائن پورٹل کا بھرپور استعمال کرنا چاہیے تاکہ منظوری کے عمل کو شفاف اور تیز بنایا جائے۔ایک علیحدہ اجلاس میں وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو(ایف بی آر) کی تجدید حکومت کی اولین ترجیح ہے کیوں کہ ملک کی معیشت میں استحکام کے لیے ٹیکس بیس کو وسعت دینا انتہائی اہم ہے۔ایف بی آر اور نظام ٹیکس پر بریفنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے ایف بی آر اور نظام ٹیکس میں ٹیکنالوجی متعارف کروانے کی ہدایت کی تاکہ نظام میں شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ٹیکس گزاروں پر عائد مختلف ٹیکسوں پر بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ غیر ضروری ودہولڈنگ ٹیکسز کے خاتمے پر خصوصی توجہ دی جانی چاہیے۔انہوں نے کہا نظام ٹیکس بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے لیے ٹیکس ریٹرنز اور ٹیکس کے نظام کو آسان بنایا جائے۔

## کراچی: صنعتکاروں کو ہرممکن سیکیورٹی فراہم کی جائیگی، ڈی آئی جی ویسٹ

کراچی (بزنس ڈیسک) ڈی آئی جی ویسٹ زون کیپٹن (ر) عاصم خان نے کہا ہے کہ نارتھ کراچی صنعتی ایریا میں صنعتکاروں کو ہرممکن سیکیورٹی فراہم کی جائیگی ، یہ بات انہوں نے 23 اکتوبر کو نارتھ کراچی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (نکاٹی) کے دورے کے موقع پر کہی ،اس موقع پر ان کے ہمراہ ایس ایس پی ڈسٹرک سینٹرل ایس پی گلبرگ و ڈی ایس پی آپریشن بھی موجود تھے۔کیپٹن (ر) عاصم خان ڈی نے کہا کہ پولیس کی جانب سے نارتھ کراچی ٹریڈ و انڈسٹری کو ہرممکن سیکیورٹی فراہم کی جارہی ہے، ایریا میں پولیس کی موبائلز اور موٹر سائیکلوں پر گشت کیا جارہا ہے ،خارجی اور داخلی راستوں پر پولیس کی پکٹس لگائی گئی ہیں تاکہ انڈسٹریل ایریا میں جرائم کی وارداتیں نہ ہونے پائیں، تاجر اور صنعتکار پرامن ماحول میں تجارتی اور پیداواری صلاحیت بڑھائیں اور ملک وقوم کی ترقی میں کردار ادا کریں۔ڈی آئی جی ویسٹ نے اپنے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔اس سے قبل نکاٹی کے صدر نے ڈی آئی جی ویسٹ زون کو امن وامان کی صورتحال سے آگاہ کیا اور پولیس کی جانب سے علاقے میں گشت کرنے اور جرائم پیشہ کے خلاف کارروائی سے آگاہ کیا اور ان پر اطمینان کا اظہار کیا۔

## شرح سود میں متوقع 2فیصد اضافہ معیشت کیلئے نقصان دہ ثابت ہوگا، شیر باز بلور

پشاور(نیوز ڈیسک ) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیر باز بلور نے حکومت کی جانب سے متوقع شرح سود میں 2فیصد اضافہ ملکی معیشت بالخصوص کورونا لاک ڈاؤن سے متاثرہ کاروبار' انڈسٹریز اور تجارت کے لئے نقصان دہ ثابت ہوگا اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ شرح سود میں اضافہ نہ کیا جائے تاکہ کورونا وائرس کی وباء سے متاثرہ کاروبار' انڈسٹریز اور تاجروں کو ریلیف دے کر دوبارہ معاشی واقتصادی سرگرمیوں کو بحال اور فروغ دیا جاسکے۔سرحد چیمبر کے صدر شیر باز بلور نے 20 اکتوبر کو صنعت کاروں اور تاجروں کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے متوقع 2 فیصد شرح سود میں اضافہ مقامی کاروباری اور انڈسٹریز دوسری سرمایہ کاروں کے مقابلہ غیر مسابقتی ہوجائے گی جو کہ پاکستان کی معیشت اور بزنس کمیونٹی کے کسی صورت بھی بہتر مفاد میں نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ کورونا لاک ڈاؤن کے باعث بارڈرز کی بندش سے کاروبار'صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں میں کمی آئی ہے جس کی وجہ سے شرح سود میں کمی لانے کی اشد ضرورت ہے تاکہ کاروبار کو برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ بزنس کو بھی وسعت دی جاسکے۔انہوں ے کہا کہ کورونا وائرس کی وجہ سے دنیا بھر میں ممالک نے شرح سود میں کافی کمی کی ہے لیکن اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے شرح سود کو صرف 7 فیصد تک کم کیا ہے جس کو سنگل ڈیجیٹ تک لایا جائے۔انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کی دوسری لہر کے تناظر میں عالمی مالیاتی اداروں نے پاکستان کی اقتصادی ترقی میں مزید کمی کا عندیہ دیا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ پالیسی ریٹ کو 7 فیصد تک برقرار رکھنے سے سرمایہ کاروں کی حوصلہ شکنی کے مترادف ہے جو کہ ملک کے مختلف ترقیاتی منصوبوں میں سرمایہ کاری کرنے میں دلچسپی نہیں لیتے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس' لاک ڈاؤن سے اقتصادی ترقی کو برقرار رکھنے کے لئے انڈسٹریلائزیشن اور سروسز کو بڑھانے کی اشد ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ شرح سود جو کہ 7 فیصد ہے چونکہ پہلے ہی ملکی معیشت کے لئے سود مند نہیں جبکہ حکومت کی جانب سے متوقع 2 فیصد پالیسی ریٹ میں اضافہ کاروبار' تجارتی سرگرمیاں اور معیشت کے لئے نقصان دہ ثابت ہوگا اور ملک میں مہنگائی بھی بڑھے گی۔انہوں نے کہا کہ شرح سود میں مزید اضافہ سے صنعتی ترقی کا عمل رک جائے گا موجودہ صورتحال میں کاروبار کے لئے کوئی قرضہ لینے کے لئے تیار نہیں ہوگا۔سرحد چیمبر کے صدر نے کہا کہ کاروبار اور تجارتی سرگرمیوں میں مندی کا رجحان اور ملکی معاشی پالیسیوں میں عدم تسلسل سے سرمایہ کاروں میں مایوسی پھیلی ہوئی اور نئے سرمایہ کاری کرنے میں دلچسپی نہیں لے رہے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان معاشی وصنعتی ترقی پر توجہ دے اور شرح سود میں مزید اضافہ کی بجائے پالیسی ریٹ کو سنگل ڈیجیٹ تک لایا جائے۔

## کراچی چیمبر سے مل کر ٹریفک جام کے مسئلے کو حل کریں گے، جاوید مہر

کراچی (نیوز ڈیسک) ڈی آئی جی ٹریفک کراچی جاوید علی مہر نے کراچی میں بالخصوص اولڈسٹی ایریا اور تمام صنعتی زونز میں ٹریفک کی تشویشناک صورتحال پر تشویش کے جواب میں کراچی چیمبر آف کامرس سے 5 تا 6 نمائندوں پر مشتمل ٹیم کو نامزد کرنے کے لیے کہا ہے تاکہ وہ ازخود ڈی آئی جی ٹریفک سمیت محکمہ ٹریفک پولیس کے اعلیٰ حکام کے ساتھ ٹریفک کی روانی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے ان تمام علاقوں کا دورہ کرسکیں اور ٹریفک جام کی خراب صورتحال سے موثر انداز میں نمٹا جاسکے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ترجیحی اقدامات عمل میں لائے جاسکیں۔یہ بات انہوں نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں کے سی سی آئی کے صدر ایم شارق وہرہ، سینئر نائب صدر ثاقب گڈلک، نائب صدر شمس الاسلام خان، کے سی سی آئی کی خصوصی کمیٹی برائے اسمال ٹریڈرز کے چیئرمین مجید میمن، چیف پولیس چیمبر لائژن کمیٹی حفیظ عزیز اور کے سی سی آئی کی منیجنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

## افغانستان انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر 8 دسمبر کو منعقد ہوگا

راولپنڈی(بزنس ڈیسک)افغانستان میں پاکستانی مصنوعات کے فروغ کے لیے "افغانستان انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر" 08دسمبر کو منعقد ہوگا۔ آر سی سی آئی ریجنل ٹریڈ کمیٹی کے چیئرمین خورشید برلاس کے مطابق پاکستانی مصنوعات کی دنیا بھر میں مانگ ہے جس کے پیش نظر راولپنڈی چیمبر آف کامرس نے پڑوسی ملک افغانستان میں انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے۔اس ٹریڈ فیئر میں درجنوں پاکستانی کمپنیاں اپنی مصنوعات کے سٹالز لگائیں گی ۔انہوں نے کہا کہ "افغانستان انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر" دونوں ممالک کے مابین تجارتی حجم میں اضافے کا باعث ہوگا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کاروباری مواقع

# TENDERS

## پرنٹنگ کارپوریشن کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PCP.1-9/2020-P&D/3338
وائٹ آفسیٹ پیپر، سائز 17x27,68 گرام،
تعداد: 7500 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 نومبر 2020
برائے رابطہ: یونیورسٹی روڈ، کراچی۔
فون: 021-99231020
3۔ چترجی روڈ، اردو بازار، لاہور۔
فون: 042-37210095

## علامہ اقبال یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 27/2020-21
کتابوں کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 نومبر 2020
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پرچیز اینڈ اسٹورز، اسلام آباد۔
فون: 051-9250031-35

## بحریہ کالج کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 نومبر 2020
برائے رابطہ: ایڈمن آفس، حبیب ابراہیم رحمت اللہ روڈ، کارساز، کراچی۔
فون: 021-48503174-3177

## COMSATS یونیورسٹی کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: CUI-PS/20(10)1663
لفافوں اور فائلز کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 نومبر 2020
برائے رابطہ: سینئر پروگرام آفیسر، تیسری منزل، فیکلٹی بلاک-2، پارک روڈ، ترلائی کلاں، اسلام آباد۔
فون: 051-90495060

## ڈی جی پروٹوکول کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 نومبر 2020
برائے رابطہ: سپرنٹنڈنٹ، ڈائریکٹوریٹ جنرل پروٹوکول، 25۔ زمان پارک، لاہور۔
فون: 042-99201360-1380

## ایف بی آر کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
SO-VIII/CCIR/RTO-II/Tender2020-21/5977
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 9 نومبر 2020
برائے رابطہ: دفتر DDO، ریجنل ٹیکس آفس۔3، ان لینڈ ریونیو

ہاؤس، پلاٹ نمبر FL-16/17، گلستان جوہر، کراچی۔

## وومن یونیورسٹی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 نومبر 2020
برائے رابطہ: چیئرمین پرچیز کمیٹی، دی مال، راولپنڈی۔
فون: 051-9292896-9292900 EXT:1166

## ہائی کورٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 نومبر 2020
برائے رابطہ: دفتر، اسسٹنٹ رجسٹرار (پروکیورمنٹ)، لاہور۔

## نیشنل بک کا پیپرز و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: HAF-1(12)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 نومبر 2020
برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن)، ہیڈ آفس، 6۔ ماؤ ایریا، تعلیمی چوک، G-8/4، اسلام آباد۔
فون: 051-9261038

## اسٹیٹ بینک کا پیپرز کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: Admin.PU/80256/2020
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 نومبر 2020
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ یونٹ،
تیسری منزل، SBP-BSC، فیصل آباد۔
فون: 041-9200415

## سوئی ناردرن گیس کے اسٹیشنری کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر: LED/121/20
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 نومبر 2020
ٹینڈر حوالہ نمبر: LED/123/20
پرنٹڈ اسٹیشنری
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 نومبر 2020
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، پہلی منزل، گیس ہاؤس، 21۔ کشمیر روڈ، لاہور۔ فون: 042-99085018

## پاکستان نیوی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 نومبر 2020
برائے رابطہ: لوکل پرچیز آفیسر، ہیڈکوارٹر COMCOAST، 10۔ لیاقت بیرکس، کراچی۔
فون: 021-48506944

## بیورو آف اسٹیٹکس کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 نومبر 2020
برائے رابطہ: اسسٹنٹ کمشنر (جنرل)، یو ایس ایڈ بلڈنگ، گرومنگت روڈ، گلبرگ۔3، لاہور۔ فون: 042-99268273

## آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس سیل کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 نومبر 2020
برائے رابطہ: ڈائریکٹر سیل، SHC&ME ڈپارٹمنٹ، 7-A، ایل ڈی اے فلیٹس، ہما بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون: 042-99260296

# صنعتی شعبے کو درپیش مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل تلاش کیا جائے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ صنعتی شعبے کو درپیش مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل تلاش کیا جائے اور ان کو ہر حوالے سے سہولت فراہم کی جائے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت اجلاس ہوا ہے جس میں صنعتی عمل کے فروغ خصوصاً چھوٹی اور درمیانی درجے کی صنعتوں کو درپیش مسائل اور ان کے حل کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اجلاس کے دوران وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ملکی ترقی صنعتی عمل کے فروغ سے وابستہ ہے اور موجودہ معاشی حالات اور خصوصاً کورونا کی وجہ سے نقصانات سے صنعتی شعبے اور بالخصوص چھوٹی اور درمیانی صنعت کو بچانا ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ مہنگی بجلی چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کے فروغ کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے کیونکہ مہنگی بجلی سے پیداواری لاگت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی ہے کہ صنعتی عمل کے فروغ اور ملک میں موجود استعداد کو بروئے کار لانے کے لئے ہر ممکنہ کوشش اور اقدام اٹھائے جائیں اور صنعتی شعبے کو توانائی سے متعلقہ مسائل کے حل کے لئے پیش کی جانے والی تجاویز کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے۔ اجلاس کے دوران وزیراعظم نے پیش کی جانے والی مختلف تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان تجاویز پر فوری عمل درآمد کیا جائے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور
سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362
0308-2933229





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# آفسیٹ آئی کے، اسٹیکر، آرٹ کارڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، مقامی ڈبل اے میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری ہیں اور 28 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ اسٹیکر پیپر، پنڈو آرٹ کارڈ اور آفسیٹ آئی کے اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جوا تار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 214 روپے سے کم ہو کر 212 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 195 روپے سے کم ہو کر 192 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 اور 68 گرام، 123 روپے سے بڑھ کر 125 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر، پی پی سی براؤن 70 گرام، 475 روپے سے کم ہو کر 460 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 590 روپے سے کم ہو کر 580 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن F4B سائز 80 گرام، 580 روپے سے کم ہو کر 570 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 490 روپے سے کم ہو کر 480 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 615 روپے سے کم ہو کر 600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 13F4B () سائز 70 گرام، 580 روپے سے کم ہو کر 570 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 13F4A (.5) سائز 70 گرام، 585 روپے سے کم ہو کر 580 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2215 روپے سے کم ہو کر 2200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2215 روپے سے کم ہو کر 2200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# پاکستانی روپے کی قدر میں اضافے کا سلسلہ جاری

کراچی (بزنس ڈیسک) مقامی کرنسی مارکیٹوں میں پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قیمت میں کمی کا سلسلہ جاری ہے جس کے تحت ڈالر 161.10 روپے کی کم ترین سطح پر آ گیا جب کہ یورو اور برطانوی پاونڈ کی قدر میں بھی کمی ریکارڈ کی گئی۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق منگل 27 اکتوبر کو انٹر بینک میں پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر کی قدر میں مزید 7 پیسے کی کمی ہوئی جس کے باعث ڈالر کی قیمت خرید 160.95 روپے سے گھٹ کر 160.88 روپے اور قیمت فروخت 12 پیسے کی کمی ہوئی 161.20 روپے سے گھٹ کر 161.08 روپے ہوگئی جب کہ مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت خرید 20 پیسے کی کمی سی 161 روپے سے گھٹ کر 160.80 روپے اور قیمت فروخت 161.30 روپے سے گھٹ کر 161.10 روپے ہوگئی۔ دیگر کرنسیوں میں یورو کی قیمت خرید ایک روپے 30 پیسے کی کمی سی 189 روپے سے گھٹ کر 188.70 روپے اور قیمت فروخت 191 روپے سے گھٹ کر 190.70 روپے ہوگئی جب کہ برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 209 روپے سے گھٹ کر 208.25 روپے اور قیمت فروخت 211 روپے سے گھٹ کر 210.25 روپے ہوگئی۔

# یو بی جی: شیخ خالد تواب ایف پی سی سی آئی کے صدر اور عبدالرؤف مختار سینئر نائب صدر نامزد

